# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عمرانہ مقصود

دوسری جماعت کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

یہ کتاب دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ بچوں کے شوق کا خیال رکھتے ہوئے ٹیچر اگر چاہیں تو سیشن بڑھا سکتی ہیں یا کم کرسکتی ہیں۔

جگنو اور چاند دو ایسی چیزیں ہیں جن سے کہانیوں اور قصوں کے ذریعے بچے مانوس ہوتے ہیں۔ کتاب جگنوں میں ان دونوں کے درمیان آنکھ مچولی کو کہانی کا رنگ دیا ہے۔ چاند کیونکہ بڑا ہے اور زیادہ روشنی دیتا ہے اس لئے جگنو کو اس کا ساتھ بہت بھاتا ہے۔ اس کہانی میں بادلوں میں چھپے چاند کے ساتھ جگنو آنکھ مچولی کھیل رہے ہیں۔ کتاب میں الفاظ بہت کم ہیں۔ اس لئے ٹیچر کہانی پڑھتے وقت اس کو دلچسپ بنانے کے لئے جگنو کے تمام actions کی اداکاری بھی ساتھ ساتھ کریں۔ اس طرح بچے زیادہ لطف اندوز ہوں گے۔

علامہ اقبال کی نظم ہمدردی کو کسی سیشن کے درمیان پڑھ کر ضرور سنائیں۔

## ہمدردی

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا — بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا
کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی — اڑنے چگنے میں دن گزارا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک — ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سن کر بلبل کی آہ و زاری — جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے — کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری — میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل — چمکا کے مجھے دیا بنایا

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

# سیشن 1

20 منٹ

- ہو سکے تو بچوں کو کسی کھلی جگہ باغ یا گھاس پر لے جا کر بٹھائیں۔ پوری کتاب پڑھ کر بچوں کو سنائیں۔ بچوں کے سامنے کتابیں کھلی ہونا چاہئے۔ کتاب دلچسپ انداز میں مزہ لے لے کر سنائیں۔ مثلا جب آپ پڑھیں۔

| | |
|---|---|
| آسمان پر چاند نہیں تھا۔ | آسمان کی طرف دیکھئے اور چاند ڈھونڈنے کی کوشش کریں ۔ |
| جگنو پریشان تھے۔ | اپنے ہاتھ ایسے ہلایئے جیسے آپ جگنو ہیں اور پریشانی میں ننھے پر ہلا رہی ہیں۔ |
| شاید سونے چلا گیا ہے۔ | سونے کا اشارہ کریں اور جگنو کی پریشانی کا اظہار کریں۔ |
| شاید ہم سے ناراض ہے۔ | اب زیادہ پریشانی کا اظہار کریں۔ |
| شاید کہیں زمین پر گر گیا ہے۔ | یہ بچوں جیسا ' بہت معصوم ردعمل ہے اور بھی زیادہ پریشانی کا اظہار کریں۔ |
| چلو ڈھونڈتے ہیں۔ | ایسے اظہار کریں جیسے تھوڑی ہمت آ گئی ہو۔ کیونکہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جانے کے بجائے اب کام کا آغاز ہو گیا ہے اس طرح بچوں کو سمجھائیں کہ کسی چیز کے کھونے پر رونے کی بجائے اس کو ڈھونڈنا چاہئے۔ |
| باغ میں ڈھونڈا۔ | ڈھونڈنے کی ایکٹنگ کریں۔ آپ کلاس میں ہیں تو پیڑوں کے لیول پر آنکھیں رکھیئے اور اگر باغ میں ہیں تب تو درخت آپ کے سامنے ہیں۔ |
| جھاڑی کے پیچھے دیکھا۔ | نیچے جھک کر کسی چیز کے پیچھے کیسے دیکھا جا سکتا ہے۔ دیکھیئے اور یہ نہیں کہ دیکھا اور چہرہ ہٹا لیا۔ جب اس طرح کچھ ڈھونڈا جاتا ہے تو آنکھیں جمانے میں وقت لگتا ہے۔ اتنا وقت لگایئے۔ |
| تالاب میں جھانکا کہاں گیا؟ | کام بڑھتا چلا جا رہا ہے اور پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جگنو |

| | |
|---|---|
| | کے سر پر سوالیہ نشان(؟) آ گیا ہے۔ تالاب میں سر جھکا کر ڈھونڈیں اور سوالیہ نشان بچوں کو دکھایئے۔ اس طرح بچوں کو پتہ چل جائے گا کہ سوالیہ نشان کہاں اور کیسے لگایا جاتا ہے۔ بورڈ پر سوالیہ نشان بنا دیں۔ |
| کل تو ادھر تھا ٹیلے کے پیچھے | اونچائی سے جھانکنے کا اشارہ کریں۔ دونوں ہاتھوں کے اشارے سے بتایئے کہ نظر نہیں آ رہا ہے۔ |
| نہیں کل یہاں تھا پیڑ کے اوپر | نظریں اوپر کر کے پیڑوں کے اوپر دیکھنے کا اشارہ کریں۔ |
| نہیں نہیں۔ یہاں تھا دریا میں | چونک کر بتایئے۔ دریا کا اشارہ زمین کی طرف کریں۔ ایسے چونکئے جیسے اب تو مل ہی جائے گا۔ |
| بادل ہٹ گئے چاندنی چھٹک گئی۔ | آسمان کی طرف دیکھئے۔ جگنو کو جیسے چین آ گیا۔ آپ کے انداز میں اطمینان آ گیا' جس چیز کو آپ ڈھونڈ رہی تھیں خدا خدا کر کے وہ سامنے آ گئی۔ |
| چاند مسکرا دیا | لیجئے۔ جگنو کا کام ختم ہوا۔ اب آپ خوش ہو جایئے۔ چاند مسکرا رہا ہے۔ اب جلدی سے بورڈ پر پورا چاند اور اس کے چہرے پر ایسے نقوش بنا دیجئے جیسے تصویر میں بنے ہوئے ہیں۔ (smily face) |

- بچوں کو بتایئے کہ مسکرانا اچھی بات ہے۔ ہنسنا اچھی بات ہے۔ ہنستے مسکراتے رہئے اور دوسروں کو خوش رکھئے۔ محنت کریں۔ محنت کبھی ضائع نہیں جائے گی۔

25 منٹ

- اب بچوں سے باری باری سبق پڑھوائیں۔ پہلے ان بچوں سے پڑھوائیں جن کو اچھی طرح پڑھنا آتا ہے۔ اس کے بعد ان بچوں سے پڑھوائیں جن کو پڑھنے میں دشواری ہوتی ہے۔

# سیشن 2

5 منٹ
- آج یہ سبق کلاس میں پڑھایئے۔ پوری کتاب ایک بار پھر سنایئے۔

15 منٹ
نئے یا مشکل الفاظ بورڈ پر لکھئے۔

آسمان۔ چاند۔ جگنو۔ پریشان۔ شاید۔ سونے۔
ناراض۔ زمین۔ ڈھونڈنا۔ باغ۔ جھاڑی۔ پیچھے۔
تالاب۔ جھانکا۔ ٹیلا۔ پیڑ۔ اوپر۔ دریا۔
بادل۔ چاندنی۔ چھٹک۔ مسکرانا۔

15منٹ
- وہ الفاظ جو مشکل ہوں (مثلا پریشان یا ڈھونڈنا) ان کو پورا لکھیں اور ساتھ ہی ان الفاظ کی توڑ لکھیں۔ پھر ہر بچے سے باری باری کھڑے ہونے کو کہیں اور کہیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ میں سے کسی بھی ایک لفظ کا جملہ بنائے۔ اس طرح سارے الفاظ کے جملے بنوائیں۔ ہر بچے کو جملہ بنانے کا موقع دیں۔ جملے بناتے وقت خیال رہے کہ چھوٹے بچوں کی حوصلہ افزائی ضرور کریں اور جہاں ضروری ہو ان کی مدد اور تصیح کریں۔

- سارے الفاظ سمجھائیں۔ ان الفاظ میں لفظ ''ٹیلا'' اور ''چھٹک'' بچوں کے لئے شاید نئے ہیں۔ ٹیلا ( چھوٹی سی پہاڑی) اور چھٹک (چاند کی روشنی بکھرنا) کے معنی الگ سے بھی سمجھائیں۔

10منٹ
- بچوں سے پوچھیں چھٹکی ہوئی چاندی انہیں کیسی لگی۔
- ان میں سے کتنے بچوں نے جگنو دیکھا ہے اور ہاتھوں سے چھوا ہے۔ جن بچوں نے کہا کہ انہوں نے دیکھا ہے ان سے پوچھیں کہ انہوں نے کس شہر اور کس ملک میں جگنو دیکھا ہے۔
- جگنو کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟ شاید کچھ بچے کہیں کہ اسے **firefly** کہتے ہیں۔ اس

انگریزی لفظ کو ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ جگنو کو firefly کا نام کیوں دیا گیا (اندھیرے میں اڑتا ہوا جگنو ایک چھوٹا سا آگ کا ٹکڑا لگتا ہے)۔

گھر کا کام

- بچے گھر سے سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔ان کو تاکید کریں کہ وہ سارے الفاظ غور سے پڑھیں ان کی ہجے کریں۔ تاکہ کل املا میں ان کو اچھے نمبر ملیں۔

## سیشن 3

15 منٹ

- آج بچوں کو بتائیں کہ اس کتاب میں چہرے کے تاثرات بتائے گئے ہیں۔ مثلاً۔

۱۔ کوئی چیز نہ ملے تو کیسی پریشانی ہوتی ہے؟
۲۔ سوتے میں چہرہ کیسا ہوتا ہے؟
۳۔ ناراض ہو کر چہرہ کیسا ہوتا ہے؟
۴۔ گر کر چہرے کے تاثرات کیا ہوتے ہیں؟
۵۔ ڈھونڈنے میں آنکھیں کیسی ہو جاتی ہیں؟
۶۔ جھانکتے کیسے ہیں؟
۷۔ کسی اونچی چیز کے پیچھے کیسے دیکھتے ہیں؟
۸۔ کسی اونچی چیز کے اوپر کیسے دیکھتے ہیں؟
۹۔ جب کوئی چیز مل جائے تو کیسا لگتا ہے؟
۱۰۔ مسکراتے کیسے ہیں؟

- بچے باری باری ان تاثرات کو اپنے چہرے پر لا کر دکھائیں۔

30منٹ
- اب بچے املا کریں گے۔ چونکہ یہ دوسری جماعت کے بچے ہیں لہذا ان سے آسان الفاظ کا املا کروائیں۔ (مثلا' چاند' تھا' سونے' ہم' چلو' باغ' تالاب' کل' اوپر' دریا' بادل ۔ ساتھ ساتھ دو تین ذرا مشکل الفاظ بھی دیدیں۔ مثلا' ناراض' پریشان' آسمان')۔
- جب بچے املا کرچکیں تو ان کی کاپیاں آپس میں تبدیل کروائیں اور پھر املا میں دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی ساتھی کے املا کی تصحیح کریں ۔ جب تصحیح کرچکیں تو غلطیاں گنیں ۔کل الفاظ میں سے جتنے الفاظ غلط ہوں اتنے نمبر کاٹ کر باقی نمبر کاپی پر لکھیں۔ اس طرح ایک تو بچوں میں لکھنے کا شوق پیدا ہوگا دوسرے ان کو حساب کرنے کا موقع ملتا ہے۔

## سیشن 4

20 منٹ
- آج بچوں سے توڑ جوڑ کا کام کروائیں۔
- ٹیچر بورڈ پر دائیں طرف الفاظ کو توڑکر لکھیں۔ پھر باری باری بچوں کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ ایک ایک لفظ کو جوڑ کر بائیں طرف لکھتے جائیں۔ جو بچے یہ کام نہ کرسکیں دوسرے بچوں کو بلاکر وہ لفظ بنوائیں۔کم از کم 15 الفاظ کی توڑ جوڑ کروائیں۔ مثلاً۔

| ٹیچر | بچے |
| --- | --- |
| • ج + گ + ن + و = | جگنو |
| • آ + س + م + ا + ن = | آسمان |

- چ + ا + ن + د = چاند
- پ + ر + ی + ش + ا + ن = پریشان
- ن + ا + ر + ا + ض = ناراض
- ز + م + ی + ن = زمین

10 منٹ

- آج توڑ جوڑ کے بعد اقبال کی نظم ہمدردی پڑھ کر سنائیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ گروپ میں ٹیچر کے ساتھ مل کر اس نظم کو گائیں۔ اگر مناسب سمجھیں تو تالیاں بجا کر گائیں۔ تاکہ بچے enjoy کرسکیں۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے کسی پسندیدہ جانور کے بارے میں اگر کچھ کہنا چاہیں تو کلاس کے سامنے آکر سب کو بتائیں۔ اس کے بعد جو بھی بچے آنا چاہیں انہیں سامنے بلاکر ان سے کہیں کہ وہ اپنے کسی بھی پسندیدہ یا پالتو جانور مثلاً چڑیا یا مچھلی کے بارے میں بتائیں۔ اس طرح کم از کم آٹھ سے دس بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔

## سیشن 5

20 منٹ

- بچوں سے چمکنے والی مختلف چیزوں کے متعلق باتیں کریں۔ پہلے بچوں سے ان کے نام پوچھیں۔ پھر خود بھی بہت سے نام بتائیں مثلاً چاند، ستارے، سورج، بلب، ٹارچ، لالٹین، جگنو اور رات میں بعض جانوروں کی آنکھیں (بلی، شیر، چیتا وغیرہ)
- بچوں کو بتائیں کہ جگنو کے اندر کوئی بلب نہیں لگا ہوتا ہے بلکہ اس کے جسم کے اندر ایک ایسا مادہ ہوتا ہے جو اندھیرے میں چمکتا ہے۔ چمکنے والی چیزوں کے نام بچے اپنی کلاس ورک کی کاپی میں لکھیں۔وہ چیزیں جاندار یا بے جان دونوں ہوسکتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • ٹیچر مکمل سبق پڑھ کر بچوں کو سنائیں |
| 20 منٹ | • کسی بھی ایک جاندار اور ایک بے جان چیز کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ (مثلاً بلی کی آنکھیں، لالٹین۔) |

# جگنو

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale